SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
December 28, 2022

## SECP issues digital lending standards

ISLAMABAD, December 28: The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), taking notice of rising concerns involving mis-selling, breach of data privacy, and coercive recovery practices of licensed digital lending companies, has issued directive to safeguard public interest and ensure fair treatment of borrowers in digital lending ecosystem. The circular can be accessed from SECP website at https://www.secp.gov.pk/document/circular-no-15-of-2022-requirements-for-nbfcs-engaged-in-digital-lending/?wpdmdl=46436&refresh=63abedc5978a21672211909.

Through Circular No. 15, SECP has issued digital lending standards applicable on Non-Banking Finance Companies (NBFCs) undertaking lending activities through digital channels / mobile applications (Apps). The requirements stipulate minimum mandatory disclosures and provision of Key Fact Statement (KFS), before loan disbursement to the borrower. These include, loan amount approved, annual percentage rates, tenor of loan, installments/lumpsum payment amounts with date(s), and all fee and charges.

To ensure transparency and ease of understanding, the App shall display the summary of KFS through a video/audio, screen shot and email/SMS in both English and Urdu languages. Any fee not included in KFS will not be charged to the borrower. To discourage non-licensed digital lenders, the licensed digital lender shall be required to disclose its full corporate name and licensing status on its lending platform(s)/App(s), and ensure that any advertisement and publication shall be fair and not contain misleading information. In addition, SECP has also specified a comprehensive grievance redressal mechanism over and above the current NBFC grievance redressal framework.

Further, in order to ensure confidentiality and privacy of data, digital lender will not be allowed access to the borrower's phone book or contacts list or photo gallery, even if the borrower has given consent in this regard. The lender shall also not be allowed to contact the persons in the borrower's contact list, other than those who have been specifically authorized by the borrower as guarantors and who have also provided their consent to the digital lender at the time of loan approval. Moreover, the data shall not be stored on any cloud infrastructure outside the jurisdiction of Pakistan.

# ایس ای سی پی نے ڈیجیٹل قرضے دینے کے قواعد وضوابط جاری کر دیے

اسلام آباد، 28 دسمبر: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے مس سیلینگ، ڈیٹا پرائیویسی کی خلاف ورزی اور لائسنس یافتہ ڈیجیٹل لینڈنگ کمپنیوں کے زبردستی وصولی کے طریقوں سے متعلق بڑھتے ہوئے خدشات کا نوٹس لیتے ہوئے عوامی مفادات کے تحفظ اور قرض لینے والوں کے ساتھ منصفانہ سلوک کو یقینی بنانے کے لیے ہدایت جاری کی ہیں۔

ایس ای سی پی نے سرکلر نمبر 15 کے ذریعے ڈیجیٹل قرضے دینے کے قواعد وضوابط جاری کر دیے ہیں جن کا اطلاق ڈیجیٹل چینلز/موبائل ایپلی کیشنز (ایپس) کے ذریعے قرض دینے والی نان بینکنگ فنانس کمپنیوں پر ہو گا۔ نئے قوائد کے مطابق ان کمپنیوں کو قرض دینے سے پہلے کچھ تفصیلات لازمی فراہم کرنا ہوں گی، جن میں منظور شدہ قرض کی رقم، سالانہ فیصد کی شرح، قرض کی مدت، اقساط/تاریخ کے ساتھ یکمشت ادائیگی کی رقم، اور تمام فیس اور چارجز کی تفصیلات شامل ہیں۔ ان قوائد میں، قرض لینے والے کو قرض کی فراہمی سے پہلے کلیدی حقائق سٹیٹمینٹ (کی فیکٹ سٹیٹمینٹ) جاری کرنا بھی ضروری قرار دیا گیا ہے۔

شرائط کو سمجھنے میں آسانی کے لیے، ایپ انگریزی اور اردو دونوں زبانوں میں ویڈیو/آڈیو، اسکرین شاٹ اور ای میل /SMS کے ذریعے کی فیکٹ سٹیٹمینٹ کا خلاصہ دکھائے گی۔ قرض لینے والے سے کوئی بھی فیس جو کی فیکٹ سٹیٹمینٹ میں شامل نہیں ہے وہ وصول نہیں کی جائے گی۔

غیر لائسنس یافتہ ڈیجیٹل قرض دہندگان کی روک تھام کے لیے، لائسنس یافتہ ڈیجیٹل نان بینکنگ فنانس کمپنیوں کو اپنے قرض دینے والے پلیٹ فارم پر اپنے مکمل کارپوریٹ نام اور لائسنسنگ کی حیثیت (بشمول لائسنس نمبر)، اور دستاویزات، مواد اور اشتہارات کا انکشاف کرنا ہو گا۔ مزید براں ایس ای سی پی نے ڈیجیٹل نان بینکنگ فنانس کمپنیوں سے متعلق شکایات کے ازالے کے موجودہ فریم ورک کے علاوہ بھی شکایات کے ازالے کا ایک جامع طریقہ کار بھی وضع کیا ہے جس میں ڈیجیٹل نان بینکنگ فنانس کمپنیوں کی طرف سے تفصیلی ماہانہ رپورٹنگ بھی شامل ہے۔

ڈیٹا کی رازداری اور قرض لینے والوں کی پرائیویسی کو یقینی بنانے کے لیے، ڈیجیٹل قرض دہندہ کو قرض لینے والے کی فون بک یا رابطوں کی فہرست یا فوٹو گیلری تک رسائی کی اجازت نہیں ہو گی، چاہے قرض لینے والے نے اس سلسلے میں رضامندی دی ہو۔ قرض دہندہ کو قرض لینے والے کی رابطہ فہرست میں شامل افراد سے بھی رابطہ کرنے کی اجازت نہیں ہو گی، ان لوگوں کے علاوہ جنہیں قرض لینے والے نے بطور ضامن کے طور پر اختیار کیا ہے اور جنہوں نے قرض کی منظوری کے وقت ڈیجیٹل قرض دہندہ کو اپنی رضامندی بھی فراہم کی ہے۔ مزید براں، قرض لینے والوں کی معلومات اور ڈیٹا کو پاکستان کے دائرہ اختیار سے باہر کسی کلاؤڈ انفراسٹرکچر پر محفوظ نہیں کیا جائے گا۔